وزیراعظم پاکستان :عمران خان کا یوم آزادی 14 اگست 2021 کے موقع پر پیغام

یوم آزادی کے موقع پر قومی پرچم لہراتے ہوئے آج ہمیں قائداعظم محمد علی جناح کے وژن تنظیم، ایمان اور اتحاد کی قومی اقدار کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرنا چاہئے۔ہمیں اپنی ملکی تاریخ میں یاد گار بڑے بڑے چیلنجز پیش آئے جن میں ہم متحد ، پرامن اور پرعزم قوم کے طور پر ابھرے۔ حتیٰ کہ آج بھی اندرون ملک درپیش مسائل کے ساتھ ساتھ خطہ کی بدلتی صورتحال ہمارے اس عزم کا امتحان ہے۔ بروقت کی طرح ہم اپنے عزم کی بدولت ان رکاوٹوں پر قابو پالیں گے اور مضبوط قوم کے طور پر ابھرینگے۔

پاکستان آج بھی اقوام عالم کے ساتھ کھڑا ہو سکتا ہے۔معیشت، کورونا وبا پر قابو پانے اور ماحولیاتی تحفظ بارے ہماری پالیسیوں کو دنیا بھر میں پذیرائی ملی ہے۔اس موقع پر ہمیں اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو نہیں بھولنا چاہئے، جو انتہائی نامساعد حالات اور بھارتی غیر قانونی قبضہ میں ناقابل بیان جبر میں اپنے حق خودارادیت کے لئے جدوجہد کررہے ہیں۔ پاکستان کشمیریوں کی منصفانہ کاز کے لئے اپنی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، کشمیری اپنے ساتھ کئے گئے وعدے پورے کرنے کے لئے اس وقت بھی عالمی برادری کی طرف دیکھ رہے ہیں۔

پاکستان نے اپنی مغربی سرحدوں پر غیر مستحکم صورتحال کے باعث بڑی قربانیاں دی ہیں اور اس کی بھاری قیمت چکائی ہے ہم نے ہمیشہ اس بات پر مسلسل اصرار کیا ہے کہ افغانستان کے تنازعہ کا کوئی فوجی حل نہیں ہے افغانستان میں دیر پا امن و استحکام کے لئے پاکستان افغان تنازعہ کے مذاکرات سے سیاسی حل کی حمایت جاری رکھے گا۔ ہم امن چاہتے ہیں اور امن کے بغیر ہم اپنے معاشی و سماجی ایجنڈے پر عمل نہیں کرسکتے۔ نیا پاکستان میں ہماری تمام تر توجہ جیو پالٹیکس سے اب جیو اکنامکس پر مرکوز ہوگئی ہے۔جس میں ہم اولین ترجیح کے طور پر پاکستانی عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی پر توجہ دے رہے ہیں۔ہماری حکومت نے پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لئے ہر ممکن کوششیں کی ہیں۔

بلاشبہ پاکستان اللہ تعالیٰ کا ہمارے لئے تحفہ ہے میں ایک مرتبہ پھر اندرون ملک اور بیرون ملک تمام پاکستانیوں کو مبارکباد دیتا ہوں اوراس موقع پر آپ سے کہتا ہوں کہ پاکستان کو قابل فخر ، خوشحال اور پرامن ملک بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

***